Arolygiaeth Ei Mawrhydi dros Addysg a Hyfforddiant yng Nghymru
Her Majesty's Inspectorate for Education and Training in Wales

پری-انسپیکشن سوالنامہ: والدین/کیئررز

بطور والدین/کیئرر، براہ مہربانی ہمیں بتائیں کہ آپ کا اُس پی آر یو کے بارے میں کیا خیال ہے جس میں آپ کا بچہ جاتا ہے۔

براہ مہربانی ہر جملہ پڑھیں، بطور **والدین/کیئرر** اپنے تجربات کے بارے میں سوچیں اور، اُس خانے کو ٹِک کر کے جو کہ سب سے زیادہ موزوں ہو، ہمیں بتائیں کہ آپ کس قدر اتفاق کرتے ہیں۔

اگر کسی بیان کا اطلاق آپ پر نہیں ہوتا، یا آپ کو اِس کے بارے میں معلوم نہیں ہے، تو پھر براہ مہربانی 'معلوم نہیں' والے خانے کو ٹِک کریں۔

آپ کے انفرادی جوابات صیغۂ رازداری میں رہیں گے۔ ہم پی آر یو یا ای ایس ٹی وائی این سے باہر والے کسی فرد پر انفرادی تبصروں کے بارے میں معلومات کبھی بھی افشا نہیں کریں گے۔

	براہ مہربانی سب سے موزوں جواب منتخب کریں	**مکمل اتفاق ہے**	**اتفاق ہے**	**اتفاق نہیں ہے**	**قطعی اتفاق نہیں ہے**	**معلوم نہیں**
1	میرے بچے کو پی آر یو پسند ہے					
2	جب میرے بچے/بچی نے پی آر یو شروع کیا تھا تو اُسے پی آر یو میں رچنے بسنے میں مدد دی گئی تھی					
3	مجھے یقین ہے کہ میرا بچے کی پی آر یو میں اچھی پیشرفت ہورہی ہے					
4	مجھے یقین ہے کہ میرا بچہ پی آر یو میں محفوظ ہے					
5	مجھے یقین ہے کہ پی آر یو میں طلباء کا رویہ اچھا ہے					
6	دوسرے بچے میرے بچے کیساتھ داداگیری **نہیں کرتے**					
7	مجھے یقین ہے کہ اگر کسی قسم کی داداگیری، ہراساں کرنا یا تفریق وقوع پذیر ہوتی ہے تو پی آر یو اِس سے اچھی طرح سے نمٹتا ہے					
8	مجھے یقین ہے کہ تدریس کا معیار اچھا ہے					
9	مجھے معلوم ہے کہ میرے بچے کو اچھے آموزشی تجربات ہوتے ہیں بشمول تعلیمی اور دیگر دوروں کے					
10	مجھے یقین ہے کہ عملہ توقع کرتا ہے کہ میرا بچہ/بچی محنت کرکے اور اپنی پوری سعی کرے					
11	مجھے یقین ہے کہ عملہ سب بچوں کے ساتھ منصفانہ انداز اور احترام سے پیش آتا ہے					

12	مجھے یقین ہے کہ پی آر یو یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ کھانا پینا اُن کی صحت پر کیسے اثرانداز ہوسکتا ہے					
13	مجھے یقین ہے کہ میرے بچے کو باقاعدگی سے ورزش کرنے کے لیے پی آر یو میں وافر مواقع دستیاب ہیں					
14	مجھے یقین ہے کہ پی آر یو بالغ نظر ہونے اور ذمہ داری سنبھالنے میں میرے بچے کی مدد کرتا ہے					
15	مجھے یقین ہے کہ میرے بچے/بچی کو اضافی مدد درکار ہو تو یہ اُسے ملتی ہے					
16	مجھے یقین ہے کہ پی آر یو مجھے میرے بچے کی پیشرفت کے بارے میں اچھی طرح سے آگاہ رکھتا ہے					
17	بطور والد/والدہ پی آر یو میرے خیالات کا متلاشی ہوتا ہے اور میری جانب سے کالج کے بارے میں مہیا کی جانے والی فیڈ بیک پر غور کرتا ہے					
18	اگر میں پی آر یو کے ساتھ مسائل یا مشکلات کے بارے میں تبادلۂ خیال کرتا/کرتی ہوں تو یہ اُن کا جواب دیتا ہے اور موزوں طریقے سے اِن سے نمٹتا ہے					
19	مجھے یقین ہے کہ میرا بچہ/بچی اپنی آموزش میں مدد کے لیے پی آر یو میں کافی کُتب اور آلات تک رسائی حاصل کرسکتا/سکتی ہے					
20	مجھے یقین ہے کہ پی آر یو اور اِس کا انتظام اچھی طرح چلایا جارہا ہے					
21	مجھے یقین ہے کہ پی آر یو اگلے سکول، سکستھ فارم، کالج یا نوکری میں جانے کے لیے میرے بچے/بچی کو اچھی طرح سے تیار کررہا ہے					
اگر آپ اپنے جوابات میں سے کسی کی وضاحت کرنا چاہیں یا مزید تبصروں کا اضافہ کرنا چاہیں، تو براہ مہربانی یہ جگہ استعمال کریں						

اگر حفاظتی نوعیت کے کوئی خدشات ہوں تو براہ مہربانی safeguarding@estyn.gov.wales پر ہمیں ای میل کریں
یا ہمیں 02920 44 6482 پر فون کریں